پریس ریلیز

گوجرانوالہ 31 مئی 2023ء

ڈنمارک میں تعینات پاکستان کے سفیر شعیب سرور نے کہا کہ تعیناتی سے قبل میں پاکستان کے تمام چیمبرز کا وزٹ کر رہا ہوں جس کا مقصد صرف یہی ہے کہ پاکستان اور ڈنمارک کے تجارتی حجم میں اضافہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان 2 سوملین ڈالر کی ایکسپورٹ جبکہ ڈیڑھ سوملین ڈالر کی امپورٹ ہے میری کوشش ہوگی کہ ان فگرز کو زیادہ سے زیادہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تجارت کے فروغ کیلئے میرے پاس کافی معلومات موجود ہے امید ہے کہ آنیوالے دنوں میں ایسے اقدامات کئے جائیں گے جن سے دونوں ممالک کے مابین تجارت کو وسیع کیا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تعینات ڈنمارک کے سفیر کے ساتھ بہترین تعلقات ہیں بزنس کمیونٹی کو لانگ ٹرم ویزوں کے حصول کیلئے بھی کوشش کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اراکین سے خطاب کے دوران کیا۔ جبکہ اجلاس کی صدارت چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کی۔ اس موقع پر نائب صدر عادل ندیم، اراکین مجلس عاملہ، سابق صدر حاجی محمد شکیل، خواجہ ضرار کلیم کے علاوہ بزنس کمیونٹی کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

قبل ازیں گوجرانوالہ چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب معزز مہمان کو سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ میں شعیب سرور کو بطور سفیر ڈنمارک تعیناتی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ان کا انتہائی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے بزنس کمیونٹی کو اہمیت دیتے ہوئے اپنے مصروف شیڈول میں سے چیمبر اراکین کیلئے وقت نکالا۔ آپ نے اپنی تعیناتی کے بعد مختلف چیمبرز میں وزٹ کرنے کا ارادہ کیا جو اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ پاکستان سے تجارت کے فروغ میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں۔ جبکہ ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ کسی سفیر کی تعیناتی ہو اور وہ اتنی دلچسپی لیتے ہوئے چیمبر کو وزٹ کرے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح آپ پوری تیاری کے ساتھ جا رہے ہیں ہم امید کرتے ہیں کہ پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان تجارت کو فروغ ملے گا اور دونوں ممالک کی معیشت ترقی کرے گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان میں موجود ڈنمارک کے سفارتخانے سے بات کر کے بزنس کمیونٹی کیلئے لانگ ٹرم ویزے کے حصول کو یقینی بنایا جائے۔ نیز تجارتی وفود کے تبادلہ کر کے امپورٹ اور ایکسپورٹ میں اضافہ کیا جا سکتا ہے لہٰذا گوجرانوالہ سے تجارتی وفود کیلئے کوشش کی جائے گوجرانوالہ چیمبر سلسلہ میں آپ کے ساتھ بھرپور تعاون کرنے کو تیار ہے۔